ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(729)

18-11-2022

**بہاول پور()ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری،عوام کو انصاف فراہم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے،عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے،ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعتہ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری رکھا ہوا ہے، پولیس افسران نے مساجد میں موجود شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تا کہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جا سکے،آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے دفاتر میں بھی شہریوں کے مسائل سن کر حل کر رہے ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے،جس پر تمام فیلڈ افسران عمل پیرا ہیں۔عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سنتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(730)

18-11-2022

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے، انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: جمعتہ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجد پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(731)

18.11.2022

**بہاول پور( ) عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام۔ بہاولپور پولیس کی جانب سے رواں ماہ نومبر کے پہلے 15 روز کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی۔ ماہ نومبر 15 روز میں کل 159 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے جس میں عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میڈیکل لیگل سروسز کی فراہمی میں معاونت فراہم کرنا ہمارا فرض ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، ڈی پی اوعبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی میعاری میڈیکولیگل سروسز کی پالیسی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میعاری میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ پولیس خدمت کاونٹر کے زریعے متاثرہ شخص/ مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جاکر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹروں کے معائنے کے بعد، میڈیکل سرٹیفیکیٹ بنائے جاتے ہیں۔ ماہ نومبر کے 15 روز میں پولیس خدمت کاونٹرز کی براہ راست معاونت سے 159 میڈیکولیگل سرٹیفیکیٹ بنائے گئے، جس میں 119 مرد حضرات اور 40 خواتین مستفید ہوئے۔ اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں جو کرپشن سے پاک، شفاف، بااخلاق اور بہترین ماحول میں باکردار ٹیم اپنے فرائض کی انجام دے رہی ہیں۔ خواتین کے لئے لیڈی پولیس کا عملہ بھی ہمہ وقت موجود ہوتا ہے جو کسی بھی ایمرجنسی یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو 1122 سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون/ مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔ MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز/ میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آگاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ ڈی پی اوعبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔ میڈیکل لیگل سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام۔